# CANTONMENT BOARD SARGODHA

Club Road Sargodha Cantt
Phone No.048-9230202,9230203,9230207 Fax No.048-9230201
Email: cb.sargodha@yahoo.com Website: www.cbsargodha.gov.pk

**No.CBS/Tax/Wagon Stand Adda 47/591** **Dated: 22 May, 2024.**

To

Mr. Rizwan Mehmood,
Dy. Director (IT/Web),
Public Procurement Regulatory Authority,
1st Floor FBC Building, Near State Bank,
Sector G-5/2, Islamabad.

Subject: - **SARGODHA CANTT – PUBLICATION OF AUCTION NOTICE.**

The attached public notice may please be arranged to be published at PPRA website on 23 **May, 2024**.

2. Therefore, it is requested that same may please by published on the above said date and forward your bill to this office for payment purpose.

Encl: As Above

**Cantonment Executive Officer,**
**Sargodha Cantt.**

Copy to:-

1. Master File

# دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا

## نیلام عام حقوق وصولی اڈہ / پارکنگ فیس

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ سرگودھا حقوق وصولی اڈہ فیس کنٹونمنٹ بورڈ بس اسٹینڈ 47 اڈاجات واقعہ اندر کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا برائے مدت 01 سال (01-07-2024 تا 30-06-2025) مورخہ 11-06-2024 بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کلب روڈ سرگودھا کر رہا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات شرکت فرما کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اور مقررہ تاریخ پر بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 12-06-2024 ہوگی اور دوسری بولی بھی کامیاب نہ ہو سکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 13-06-2024 کو ہوگی اور اس بارے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

**شرائط و ضوابط برائے نیلام عام:۔**

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ -/1,000,000 روپے بشکل کال ڈیپازٹ کسی بھی شیڈول بینک سے بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سرگودھا چھاؤنی بمعہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع کروانا ہوگی۔

۲۔ ناکام بولی دہندگان کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ نیلام عام کی کاروائی کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ مزید برآں دوسرے نمبر اور تیسرے نمبر پر بولی دہندگان کی زرضمانت فیصلہ بولی کے بعد واپس کیا جائے گا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کا بولی کا ایک چوتھائی 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا جو کہ ٹھیکہ کے احسن تکمیل کی مدت کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کر دی جائے گی مذکورہ سیکورٹی کی رقم بولی کی رقم میں ایڈجسٹ نہ ہوگی موقع پر بولی کی رقم کا 1/4 حصہ جمع کروانے میں ناکامی کی صورت میں بولی کا زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا

۴۔ اگر کامیاب بولی دہندہ بروقت رقم جمع نہیں کرواتا تو دوسرے نمبر والے بولی دہندہ کو کہا جائے گا کہ وہ اول نمبر پر آنے والی بولی کے مطابق پیسے جمع کروائے اور اس کی رضامندی سے ٹھیکہ اسکو دے دیا جائے گا۔ اگر کسی بھی وجہ سے وہ رقم جمع نہیں کروا سکتا تو بولی دوبارہ ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم 12 یکساں اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا جو کہ 01-07-2024 تا جون 30-6-2025 تک جمع کروانا ہوگی۔ نیز ماہ جولائی 2024 کی پہلی قسط ایڈوانس جمع کرانا ہوگی اس کے علاوہ باقی اقساط ہر ماہ کی 05 تاریخ تک جمع کراتا ہوں گی۔ اگر ٹھیکیدار 15 تاریخ تک قسط جمع کروانے میں ناکام رہا تو ٹھیکہ بغیر مزید نوٹس کے کینسل تصور ہوگا اور اگر کوئی رقم ٹھیکیدار کے ذمے باقی رہتی ہوگی تو وہ رقم قانونی کاروائی / محکمہ مال کے ذریعے اُس کی ذاتی جائیداد / اُس کے وارثان کی جائیداد یا اُس کے منظور شدہ ایجنٹ کی جائیداد سے وصول کی جائیگی۔

۶۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے مصدقہ مختار نامہ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

۷۔ ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کا انکم ٹیکس محکمہ انکم ٹیکس FBR کو مروجہ انکم ٹیکس ریٹس کے حساب سے اپنی گرہ سے ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جس کی رسید کی نقل دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔

۸۔ ٹھیکیدار کسی بھی صورت میں تمام واجبات ادا کرنے کا پابند ہوگا اور حالات / بزنس کم ہونے کو وجہ ٹھہرا کر کسی رعایت کا مستحق نہ ہوگا۔

۹۔ ٹھیکیدار منظور شدہ ریٹس سے زیادہ وصول نہیں کرے گا خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور اس ضمن میں دفتر ٹھیکیدار کو جرمانہ عائد کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۰۔ ٹھیکیدار اڈہ فیس کی وصولی کیلیے ایجنٹس / ورکرز کی کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سے تحریری طور پر اُن کے مکمل کوائف کے ساتھ منظوری لے گا ان کے علاوہ کوئی شخص وصولی نہیں کر سکے گا ٹھیکیدار ورکرز / ایجنٹس کی تنخواہ / اُجرت خود ادا کرے گا۔

۱۱۔ ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کو مزید ٹھیکہ پر نہیں دے گا اور نہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام پر بغیر مجاز اتھارٹی تبدیل کروا سکے گا۔

۱۲۔ ٹھیکیدار ملکی حالات کے پیش نظر اڈا کی سیکورٹی کا مناسب انتظام اور اس کا حرجہ و خرچہ خود اٹھانے کا ذمہ دار ہوگا۔ اس ضمن میں کنٹونمنٹ بورڈ کی ہدایات پر عمل کرنا بھی لازمی ہوگا۔

۱۳۔ کسی بھی ایونٹ / غیر متوقع حالات / گاڑیوں کی رکاوٹ / ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کسی قسم کی رعائیت کا حق دار نہ ہوگا۔

۱۴۔ کنٹونمنٹ بورڈ وقتاً فوقتاً کسی قسم کی ہدایات جاری کر سکتا ہے جس پر ٹھیکیدار کا عمل کرنا لازمی ہوگا۔

۱۵۔ مذکورہ بالا شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں محکمہ کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ کینسل کر کے قبضہ حاصل کرنے کا مجاز ہوگا اور جمع شدہ اقساط بمعہ سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ بغیر کوئی نوٹس دیے ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکیدار کسی بھی عدالت میں جانے کا مجاز نہ ہوگا۔

۱۶۔ کینٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اگر کوئی تنازعہ ہوتا ہے تو ٹھیکیدار عدالت میں نہیں جائے گا بلکہ بطور ثالث ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ملتان ریجن ملتان کو کیس دائر کرے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ اس فیصلے کے بعد ٹھیکیدار کسی عدالت میں رجوع نہ کر سکے گا۔

۱۷۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر PPRA رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

۱۸۔ ٹھیکیدار کو اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا کے ساتھ نان جوڈیشل اشٹام پیپرز پر تحریری معاہدہ بھی کرنا ہوگا۔

۱۹۔ کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۲۰۔ نیلامی قواعد و ضوابط PPRA رولز 2004 کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔ نیز نوٹس ہذا PPRA ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

۲۱۔ نیلامی بارے مزید تفصیلات / معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سرگودھا چھاؤنی